بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز اتوار 13 فروری 2022ء 11 رجب 1443ھ | شمارہ 218 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

افغان فنڈز کے استعمال کا فیصلہ خالصتاً افغانستان کا ہونا چاہیے، پاکستان

افغان فنڈز کے استعمال کا فیصلہ خالصتاً افغانستان کا ہونا چاہیے، افغانستان کی اگر بروقت مدد نہ کی گئی تو بحران سنگین صورتحال اختیار کر سکتا ہے، پاکستان کا امریکہ فیصلے تحفظات کا اظہار

بیرون ملک افغان سرمایہ کا انجماد ختم کرنے کے طریقے ڈھونڈنے سے انسانی مسئلہ کے فوری حل اور افغان عوام کی معاشی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا کی جانب سے افغانستان کے منجمد اثاثوں میں سے نصف نائن الیون حملے کے متاثرین کیلئے مختص کرنے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان فنڈز کے استعمال کا فیصلہ خالصتاً افغانستان کا ہونا چاہیے، منجمد اثاثے افغانستان کی ملکیت ہیں، افغان

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں سوئی گیس لیکج سے دم گھٹنے اور دھماکوں کے واقعات میں اضافہ

سوئی سدرن گیس کمپنی کے رکارڈ پانچ افراد جاں بحق جبکہ ریسکیو اداروں کے رکارڈ کے مطابق سترہ افراد لقمہ اجل بنے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سوئی گیس لیکج سے دم گھٹنے اور گھروں میں گیس بھر سے ہونے والے دھماکوں کے واقعات میں اضافہ ہوگیا سوئی سدرن گیس کمپنی کے رکارڈ کے مطابق چار ماہ سوئی گیس لیکج اور دھماکوں کے واقعات میں پانچ افراد جاں بحق جبکہ ریسکیو اداروں کے رکارڈ کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کا خاتمہ ہی عوام کے ریلیف کا واحد ذریعہ ہے، شہباز شریف

عمران نیازی عوام کی زندگیاں چھیننے کے بجائے مستعفی ہوجائیں، رہنماء ن لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے بجلی کی قیمت میں 3 روپے سے زائد اضافہ کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران نیازی مہنگائی سے عوام کی زندگیاں چھیننے کے بجائے مستعفی ہوجائیں، چار سال میں ثابت ہوا کہ حکومت کے پاس

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ تربت کے دورے کے موقع پر قبائلی عمائدین سے مصافحہ اور بات چیت کر رہے ہیں

جی ایچ کیو دی جانیوالی دہشتگردی کے منصوبے کو وقت پر ناکام بنانے کیلئے جائنٹ آرمی چیف

دہشتگردوں کو شدید محنت سے حاصل کردہ کامیابیاں رائیگاں نہیں کرنے دینگے، بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کی سازشیں ناکام بنانے کیلئے جوان اپنی آپریشنل تیاریاں برقرار رکھیں، جنرل قمر جاوید باجوہ

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے پنجگور کا دورہ، آرمی چیف کا دہشتگردوں کو شکست دینے کیلئے ان کے سہولت کاروں کیساتھ گٹھ جوڑ ختم کرنا کے عزم کا اعادہ، 2 فروری کا دہشت گردوں کا حملہ پسپا کرنیوالے جوانوں کیساتھ دن گزارا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے ایک بار پھر دہشت گردوں کو شکست دینے کیلئے ان کے سہولت کاروں کے ساتھ گٹھ جوڑ ختم کرنا کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو شدید محنت سے حاصل

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور قائمقام گورنر پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی رہائشگاہ پر ملاقات کر رہے ہیں

نیپرا نے بجلی 3 روپے 10 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دیدی

بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق صرف فروری کے مہینے کے بلوں پر ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 3 روپے 10 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے دسمبر کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایاز صادق پارٹی قائد نواز شریف سے ملاقات کے بعد لندن سے واپس پہنچ گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سردار ایاز صادق پارٹی قائد نواز شریف سے ملاقات کے بعد لندن سے وطن واپس

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہر اسگی ایک ناقابل برداشت عمل ہے، صابرہ سلام

صرف قوانین بنانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، اصل کام ان قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے، صوبائی خاتون محتسب

والدین اپنی بیٹیوں کو اعتماد دیں تاکہ وہ معاشرے میں شعور بیدار کرنے اور ہراسگی کے روک تھام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں

گوادر (خ ن) صوبائی محتسب خواتین بلوچستان کے تعاون سے انسداد ہراسیت بلوچستان ایکٹ 2016 کے حوالے ایک سیمینار ضلع کونسل ہال گوادر میں منعقد ہوا سیمینار میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ذاکر علی بلوچ سمیت خواتین وحضرات کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے صوبائی خاتون محتسب برائے انسداد ہراسیت ایڈووکیٹ صابرہ اسلام صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت بلوچستان کے ڈپٹی ڈائریکٹر شیر عالم مری اسسٹنٹ ڈائریکٹر ابراہیم کاکڑ نے ملازمت پیشہ خواتین اور درس گاہوں میں طالبات کے حقوق کے تحفظ کے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، کلی کونگڑھ میں قتل کی لرزہ خیز واردات، مسلح افراد میاں بیوی کو قتل کرکے فرار

مستونگ (این این آئی) مستونگ کے نواحی علاقے کلی کونگڑھ میں قتل کی لرزہ خیز واردات، مسلح

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمان کی چوہدری برادران سے ملاقات

سربراہ پی ڈی ایم نے چوہدری شجاعت کی خیریت دریافت کی، جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر و جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے مسلم لیگ (ق)

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حب میں ساکران روڈ پر شوہر نے مبینہ طور پر فائرنگ کرکے بیوی کو قتل کردیا

لسبیلہ (این این آئی) حب میں ساکران روڈ پر شوہر نے مبینہ طور پر فائرنگ کرکے بیوی کو قتل کردیا شوہر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں یکم فروری کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

عالمی منڈی میں پیٹرول ساڑھے 6 روپے اور ڈیزل 5 روپے لیٹر مہنگا ہوا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں یکم فروری کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی منڈی میں خام

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خواتین کیلئے خاطر خواہ سیاسی نمائندگی کا فقدان ہے، رابعہ بلیدی

تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، سیکورٹی، مالی آزادی اور وراثت مراعات نہیں خواتین کے بنیادی حقوق ہیں

خواتین کو روزگار کے برابر مواقع نہیں ملتے، ملازمتوں میں مردوں اور عورتوں کے لئے الگ الگ شعبے بنے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور اور بلوچستان اسمبلی میں وویمن پارلیمنٹرین فورم کی چیئرپرسن ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، سیکورٹی، مالی آزادی اور وراثت مراعات نہیں بلکہ خواتین کے بنیادی حقوق ہیں ہم ان حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے پاکستانی خواتین کے خصوصی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں ڈبلیو پی سی کی چیئرپرسن و پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین نہ صرف ہمارے معاشرے میں خاندان کا اہم ترین

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے وزیر خزانہ نور محمد دمڑ کی ملاقات

اسلام آباد (خ ن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے سینئر صوبائی وزیر خزانہ نور محمد دمڑ نے انکے چیمبر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی میں تبلیغی اجتماع کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے کوئٹہ کا رہائشی شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) سبی میں تبلیغی اجتماع کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے کوئٹہ کا رہائشی شخص جاں بحق ہوگیا، لیویز کے مطابق سبی میں اجتماع کے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی مختصر دورے پر تربت آمد

ایئرپورٹ پہنچنے پر چیف سیکرٹری بلوچستان کو کمشنر مکران ڈویژن شبیر احمد مینگل اور ڈپٹی کمشنر کیچ حسین جان بلوچ نیا استقبال کیا

تربت ایئرپورٹ کی توسیع کے حوالے سے ٹینڈرنگ کا پروسیس آئندہ مکمل کیا جائیگا۔ جسکے فوری بعد تربت ایئرپورٹ کی تعمیر کا آغاز کردیا جائے گا، چیف سیکرٹری کو بریفنگ

تربت (خ ن) چیف سیکریٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی مختصر دورے پر تربت آمد۔ ایئرپورٹ پہنچنے پر چیف سیکرٹری بلوچستان کو کمشنر مکران ڈویژن شبیر احمد مینگل اور ڈپٹی کمشنر کیچ حسین جان بلوچ نیا استقبال کیا۔ اس دوران چیف سیکرٹری بلوچستان نے کمشنر مکران اور ڈپٹی کمشنر کیچ سے مابین باہمی دلچسپی اور انتظامی امور کے علاوہ دیگر علاقائی صورتحال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سول ایوی ایشن حکام نے بھی چیف سیکرٹری سیملا قات کی۔ چیف سیکریٹری بلوچستان نے سول ایوی ایشن حکام کے ساتھ تربت ایئرپورٹ کی توسیع کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایئرپورٹ پہنچنے پر چیف سیکرٹری بلوچستان کو کمشنر مکران ڈویژن شبیر احمد مینگل اور ڈپٹی کمشنر کیچ حسین جان بلوچ نیا استقبال کیا

تربت ایئرپورٹ کی توسیع کے حوالے سے ٹینڈرنگ کا پروسیس آئندہ مکمل کیا جائیگا۔ جسکے فوری بعد تربت ایئرپورٹ کی تعمیر کا آغاز کردیا جائے گا، چیف سیکرٹری کو بریفنگ

مسلم باغ میں لیویز کی کارروائی، 20 کلوگرام چرس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) مسلم باغ میں لیویز کی کارروائی، 20 کلوگرام چرس برآمد کرلی، لیویز حکام

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

19 فروری کے احتجاجی دھرنا روڈ بلاک کیلئے علاقائی سطح پر کمیٹیوں کا اعلان کردیا گیا

خضدار (این این آئی) قبائلی رہنما، سابقہ ممبر میونسپل کارپوریشن خضدار سردار عزیز محمد عمرانی نے 19 فروری کے احتجاجی دھرنا روڈ بلاک کے لئے علاقائی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان اپنا بستر گول کرنے کی تیاری کریں، ریحانہ یعقوب ناصر

حکومت چند دنوں کی مہمان ہے پی ڈی ایم نے تحریک عدم اعتماد کا آخر حتمی فیصلہ کرلیا، رہنماء ن لیگ

عمران خان کا قوم کو نہ گھبرانے کا مشورہ دینے والا اب خود گھبرا گیا اور اپوزیشن اور عوام کھلم کھلا دھمکیوں پر اتر آیا

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان اپنا بستر گول کرنے کی جلد تیاری کریں حکومت چند دنوں کی مہمان ہے پی ڈی ایم نے تحریک عدم اعتماد کا آخر حتمی فیصلہ کرلیا ہمیں پی ٹی آئی کے متعدد اراکین اسمبلی نے خفیہ طور پر اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرالی ہے جبکہ جہانگیر ترین گروپ پی ایم ایل کیو ایم اور دیگر آزاد اراکین سے بات فائنل ہوتے ہی قومی اسمبلی میں وزیراعظم اسپیکر ڈپٹی اسپیکر اور چیئرمین سینٹ کے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسناد تقسیم کرنے کا مطلب ہے ان کا کھیل ختم ہے، مولانا فضل الرحمان

وزراء کو جس کارکردگی پر سرٹیفکیٹس اور ایوارڈ دیئے گئے اس حسن کارکردگی کا نام نہیں لے سکتا' معاشی ترقی ہورہی ہے تو پھر وزیر خزانہ کو تمغے سے کیوں محروم رکھا

دفاع مضبوط ہے تو پرویز خٹک کیوں تمغے سے محروم رہے، خارجہ پالیسی کامیاب ہے تو شاہ محمود قریشی کو کیوں تمغہ نہیں دیا، سربراہ پی ڈی ایم کا تقریب سے خطاب، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر و جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ وزراء کو جس کارکردگی پر سرٹیفکیٹس اور ایوارڈ دیئے گئے میں اس حسن کارکردگی کا نام نہیں لے سکتا، اسناد تقسیم کرنے کا مطلب ہے کہ ان کا کھیل ختم ہے، کہا جارہا ہے کہ دنیا نے پاکستان کی معاشی ترقی کو مان لیا ہے، اگر معاشی ترقی ہورہی ہے تو پھر وزیر خزانہ کو تمغے سے کیوں محروم رکھا گیا ہے، اگر دفاع مضبوط ہے تو پرویز خٹک کو کیوں تمغے سے محروم رکھا، خارجہ امور بہترین ہیں تو پھر شاہ محمود قریشی کو سند سے کیوں محروم

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئی منی لانڈرنگ نہیں، کوئی کمیشن نہیں، کوئی کک بیک نہیں، مریم اورنگزیب

کوئی اختیارات کا غلط استعمال نہیں، عمران صاحب فیصلہ پڑھیں اور شرم کریں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے صاف پانی کیس میں احتساب عدالت کے تفصیلی فیصلے کو نیب

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمٰن کا آصف زرداری سے ٹیلیفونک رابطہ، موجودہ سیاسی صورتحال پر گفتگو

حکومت کے خلاف عدم اعتماد پر اپوزیشن کے ساتھ ہیں، آصف علی زرداری کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف عدم اعتماد پر اپوزیشن کے ساتھ ہیں۔ پاکستان ڈیموکریٹک

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے وسائل پر کوئی کمپرومائز قبول نہیں، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

سینڈک معاہدے کو کن شرائط پر توسیع دی گئی عوام کے سامنے لایا جائے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

پورے ملک میں امن وامان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہوچکی ہے مہنگائی نے عوام کا جینا حرام کردیا ہے

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل پر کوئی کمپرومائز قبول نہیں، سینڈک معاہدے کو کن شرائط پر توسیع دی گئی عوام کے سامنے لایا جائے بلوچستان کے ساحل و وسائل پر کسی کو ہاتھ صاف کرنے نہیں دینگے نیشنل پارٹی کے کارکن بلدیاتی اور عام انتخابات کی تیاریاں شروع کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی مکران ڈویژن کے ریجنل کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں واجہ ابوالحسن کو تین سال کے لیے ریجنل سکریٹری اور

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زیارت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو زیارت کے 5 فروری کے دورے کے دوران ویلیو ایڈیشن پروگرام منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کوڑا کرکٹ رہائشی سیکٹرز میں پھینکنے کا انکشاف

اسلام آباد ہائیکورٹ نے سی ڈی اے کی جانب سے رہائشی سیکٹرز میں کوڑا پھینکنے پر پابندی عائد کردی

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کوڑا کرکٹ رہائشی سیکٹرز میں پھینکنے کا انکشاف ہوا، اسلام آباد ہائیکورٹ نے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں کورونا وائرس کے پھیلاو کی شرح 7.07 فیصد ریکارڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی شرح 7.07 فیصد ریکارڈ 39 نئے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، اسکول ٹیچر نے اپنے نویں جماعت کے شاگرد سے عدالت میں پسند کی شادی کرلی

کراچی (این این آئی) خیرپور کے نجی اسکول کی 23 سالہ استانی نے نویں جماعت کے 20 سالہ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئی خلاف ورزی یا لاقانونیت ثابت نہیں ہوسکی، تمام رولز اور قوانین پر عملدرآمد کیا گیا

شہباز شریف کے داماد علی عمران اور بیٹی کے پلازے کا فلور کرائے پر کمپنی کو دیا گیا

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے شہباز شریف دور حکومت کے صاف پانی پراجیکٹ میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما راجہ قمر السلام سمیت

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں قیادت کا بحران طلبا یونینز پر پابندی کی وجہ ہے، چنگیز جمالی

طلباء کی پڑھائی پر اسکے اثرات نہ ہوں اور یہ یونینز معاشرے میں ہراسگی سمیت دیگر اہم مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کرسکیں

پیپلز پارٹی نے آمرانہ روش کیخلاف بل پیش کرکے جمہوریت کی مضبوطی کی جانب سے ایک اور اقدام اٹھایا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے سندھ اسمبلی سے طلباء یونینز کی بحالی کا بل منظور کر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تربت، چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کا تربت ائیر پورٹ پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

فضل الرحمان کا آصف زرداری کو ٹیلیفونک، خیریت دریافت کی

دونوں رہنماؤں میں مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی' ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خراب موبائل فون دینے پر کال کیر کسٹمر سنٹر گلبرگ کیخلاف ڈگری جاری

کسٹمر سنٹر کال کیر گلبرگ کے انچارج نے بھری عدالت میں خاتون کو نیا موبائل اور ہرجانہ ادا کردیا

لاہور (این این آئی) صارف عدالت کے جج وسیم

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تربت، چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کا تربت ائیر پورٹ پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

پی ڈی ایم کو گالیاں دینے والوں کو ایوارڈ دیا گیا، ملک سکندر

وزیر اعظم نے خود اپنی حکومت اور اپنی پارٹی کو بڑی بے دردی سے تقسیم کیا ہے، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

کچھ وزراء کو ایوارڈ سے نواز گیا، پانچ وزراء کو فیل قرار دیا ہے جنہیں نہ تو ابھی تک کابینہ سے نکالا گیا اور نہ ہی ان وزراء نے اپنے ضمیر کی آواز پر استعفیٰ دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت کے کسی محکمے یا ذمہ دار نے اب تک عوام کی فلاح

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، (سٹی) نالہ ایک بار پھر منشیات کے عادی افراد کی اماجگاہ بن گیا

بڑی تعداد میں نشے کے عادی افراد نالے میں منشیات کے استعمال میں مصروف

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کا مرکزی حبیب (سٹی) نالہ ایک بار پھر منشیات کے عادی افراد کی اماجگاہ بن گیا بڑی تعداد میں نشے کے عادی افراد نالے میں منشیات کے استعمال میں مصروف پولیس، انتظامیہ، ایفی نارکوٹکس فورس سمیت انسانی حقوق کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں محکمہ بلدیات کے ملازمین دو ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کی وجہ سے دو ہفتوں سے سراپا احتجاج

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں محکمہ بلدیات

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے سربراہ کا وزیر اعظم کو خط، غیر ملکی ایئر لائن کو ڈومیسٹک فلائٹس کی اجازت پر شدید تحفظات

اسلام آباد (این این آئی) غیر ملکی ایئر لائن کو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

معیشت درست سمت میں ہے، شوکت ترین

وزیر اعظم میری کارکردگی سے مطمئن نہ ہوئے تو وہ گھر چلے جائیں گے اور کیا کریں گے

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین نے وزیر اعظم کی طرف سے ایوارڈ نہ ملنے پر رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم میری

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ آوران کیلئے دی گئی ایمبولینس کا معائنہ کر رہے ہیں

فضل الرحمان اور شہباز شریف وزیر اعظم بننا چاہتے ہیں تو نیند کی گولیاں کھالیں، فواد چوہدری

شدت پسندوں کے ہاتھوں پاکستان کی سیاست نہیں دی جاسکتی، پاکستان کی سیاست میں فضل الرحمان کا کردار ہمیشہ محدود ہی رہے گا

مولانا فضل الرحمان شدت پسند اور غیر سنجیدہ کردار ہیں، فضل الرحمان صرف سیاسی ملاقاتیں کرسکتے ہیں اس سے زیادہ کچھ نہیں، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے مولانا فضل الرحمان اور شہباز شریف کو وزیر اعظم بننے کی خواہش پوری کرنے کے لیے نیند کی گولیاں کھانے کا مشورہ دیدیا۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان پاکستان کی سیاست میں کبھی سنجیدہ کردار ادا نہیں کرسکتے۔ فواد چوہدری نے مولانا فضل الرحمان کو شدت پسند قرار

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

1

جماعتیں وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کے لیے آئینی راستہ اختیار کرنا چاہتی ہیں تو یہ بھی طے کرلیا جائے کہ عدم اعتماد کی کامیابی کے فوراً بعد استعفے دے کر انتخابات کے لیے اسمبلیوں سے اجتماعی استعفے دینے والی پوزیشن میں آجائیں گے۔ طالع آزما حربوں کے سدباب کے لیے نہ عام انتخابات کا انعقاد ہی محفوظ ترین آئینی راستہ ہے۔ رہی افراتفری، کرپٹ ماضی اور نااہل حکمرانوں کی مفلوک حکومت ملک میں فوقیت آ گئی تو سیاسی بحران پیدا کرنے کی ذمہ داری بھی انہی پر عائد ہوگی۔ پی ٹی آئی کے دور میں ملک کی حکومتوں کی پالیسیوں کا دورِ حاضر تسلسل رہا، بلکہ تمام ضروری مدتیں پوری کرنے کے بعد ہی حکومت قیمت پوری کرنے کے بعد ہی حکومت قیمت میں کمی کی ہے اگلے انتخابات کے موقع پر ظلم ہے۔ بجلی، گیس، پیٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے مستزاد کہ ہر ضمنی الیکشن میں پہلے سے زیادہ ووٹ لے کر ملک پر گزشتہ ساڑھے تین سال سے 27 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا۔ پیٹرول کی قیمت 95 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی لیٹر تک جا پہنچی ہے۔ بجلی کے فی یونٹ قیمت میں بھی 7 روپے کا اضافہ عوام

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز اتوار 13 فروری 2022ء

غزہ ایک بار پھر میدان جنگ میں بدل گیا، اسرائیلی تشدد سے 83 فلسطینی زخمی

بیتا میں جبل صبیح پر اسرائیلی فوج کے ساتھ تصادم کے دوران انہوں نے چار صحافیوں پر حملہ کیا، تشدد سے عصام الرماوی، عبداللہ الجبش، محمود فوزی اور رنین صوفتا کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا

بیتا میں جبل صبیح اور نابلس کے مشرق میں واقع بیت دجن گاؤں میں نماز جمعہ کے بعد شروع ہونے والی جھڑپوں کے دوران صحافیوں اور طبی عملے کے اہلکاروں سمیت درجنوں شہری زخمی ہو گئے

نابلس (این این آئی) فلسطین کے مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی شہروں نابلس اور قلقیلیہ میں اسرائیلی فوج نے فلسطینی شہریوں کے خلاف وحشیانہ مہم شروع کی ہے جس میں تشدد کے استعمال سے کم سے کم 83 فلسطینی زخمی ہو گئے۔ زخمی ہونے والوں میں طبی عملے کا ایک رضا کار اور ایک صحافی بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بیتا میں جبل صبیح اور نابلس کے مشرق میں واقع بیت دجن گاؤں میں نماز جمعہ کے بعد شروع ہونے والی جھڑپوں کے دوران صحافیوں اور طبی عملے کے اہلکاروں سمیت درجنوں شہری زخمی ہو گئے۔ یہ تشدد اس وقت کیا گیا جب نابلس گورنری میں فلسطینی اراضی پر آبادکاری چوکیوں کے مسلسل قیام کے خلاف احتجاج شروع کیا۔ فلسطینی ہلال احمر نے کہا کہ بیتا میں جبل صبیح پر اسرائیلی فوج کے ساتھ تصادم کے دوران انہوں نے چار صحافیوں پر حملہ کیا۔ تشدد سے عصام الرماوی، عبداللہ الجبش، محمود فوزی اور رنین صوفتا کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اس کے علاوہ اسرائیلی فوج کی جانب سے ان پر آنسو گیس اور صوتی بم برسانے کے نتیجے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مڈغاسکر میں سمندری طوفان سے ہلاکتوں کی تعداد 120 ہوگئی

انٹاناناریوو (این این آئی) مڈغاسکر میں طوفان بشیرائی سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 120 تک پہنچ گئی ہے جب کہ دس ہزار سے زائد لوگوں کا گھر تباہ ہوگیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق ریاستی ڈیزاسٹر ریلیف ایجنسی نے کہا کہ 87 اموات ایک علاقے جنوب مشرقی مڈغاسکر میں ایکونگو ضلع میں ہوئیں۔ ڈیزاسٹر ریلیف ایجنسی نے کہا کہ طوفان نے تقریبا 1 لاکھ 24 ہزار لوگوں کے گھروں کو نقصان پہنچایا، تقریبا 30,000 لوگ بے گھر ہونے کے بعد 108 مقامات پر ڈیرے ڈالے ہائے ہیں۔ یہ سمندری طوفان گزشتہ ہفتے بحر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یمن حرض شہر کا 80 فیصد حصہ آزاد، الاقوامی شاہراہ 70 کلومیٹر تک محفوظ

باغیوں کا مکمل گھیراؤ کرلیا گیا ہے سڑکوں پر آئینی فوج کی وفادار فورسز کا کنٹرول ہے

ہماری فورسز حرض شہر کی گہرائی میں ملیشیا کے باقی ماندہ ارکان سے نمٹ رہی ہیں، بریگیڈیئر جنرل مجلی

صنعاء (این این آئی) یمنی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل عبدو مجلی نے یمن کے شمال مغرب میں حجہ گورنری کے شمال میں واقع اسٹریٹیجک شہر حرض کے 80 فیصد حصے کو حوثی باغیوں سے آزاد کروانے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بریگیڈیئر جنرل مجلی نے ایک پریس بریفنگ میں کہا کہ پانچویں ملٹری ریجن میں فوجی دستے مسلسل آٹھویں دن حرض ڈائریکٹوریٹ کی زمین پر تیزی سے پیش قدمی جاری رکھے ہوئے ہیں، باغیوں کا مکمل گھیراؤ کرلیا گیا ہے سڑکوں پر آئینی فوج کی وفادار فورسز کا کنٹرول ہے۔ انہوں نے وضاحت کی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

تربت، چیف سیکریٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کمشنر مکران شبیر مینگل سے تبادلہ خیال کررہے ہیں

مسجد حرام میں نصف سال کے دوران آٹھ ملین زمزم بوتلیں تقسیم

مسجد حرام اور مسجد نبوی کے اورکی جنرل پریذیڈنسی نے ایک اسمارٹ روبوٹ کا افتتاح کیا ہے

مسجد حرام اور مسجد نبوی انتظامیہ نے زائرین میں زمزم پانی کی بوتلیں تقسیم کرنے والے روبوٹ کا افتتاح کردیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) موجودہ ہجری سال کی پہلی ششماہی کے دوران مسجد حرام میں زمزم پانی دینے کے محکمے نے زمزم کے پانی کی 8 ملین ایک بار استعمال کی بوتلیں فراہم کیں۔ ان بوتلوں میں 200 ملی لیٹر پانی ڈالا جاتا ہے۔ زمزم کی یہ بوتلیں مسجد الحرام کے عازمین میں تقسیم کی گئیں۔ اس کے علاوہ 38,000,000 لیٹر پانی بھی تقسیم کیا۔ زمزم کا پانی 5221 زمزم کنٹینرز اور 30 گاڑیوں اور خصوصی گاڑیوں کے ذریعے مسجد حرام میں پہنچایا اور تقسیم کیا جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدارت عامہ برائے امور حرمین شریفین نے حال

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس یوکرین پر میزائل حملہ کرسکتا ہے، امریکا

یوکرین پر روسی حملے کا قومی امکان ہے، لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ پیوٹن نے حملے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے، اگر یوکرین پر حملہ ہوا تو امریکا، فرانس اور جرمنی روس کے خلاف سخت پابندیاں لگائیں گے، جرمنی

یوکرین پر روس کے حملے کے خدشے کے پیش نظر امریکا نے آئندہ ہفتے تک مزید 3 ہزار فوجی پولینڈ بھیجنے کا اعلان کیا، روس نے یوکرین کے ساتھ سرحد پر ایک لاکھ سے زائد فوجی جمع کرلیے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ روس آئندہ چند روز میں یوکرین پر بمباری اور میزائل حملہ کرسکتا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق امریکا کے مشیر برائے قومی سلامتی کا کہنا تھا کہ یوکرین پر روسی حملے کا قومی امکان ہے، لیکن یہ نہیں کہہ سکتے کہ پیوٹن نے حملے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاس نے خدشہ ظاہر کیا کہ روس آئندہ چند روز میں یوکرین پر بمباری اور میزائل حملہ کرسکتا ہے۔ یوکرین پر روس کے حملے کے خدشے کے پیش نظر امریکا نے آئندہ ہفتے تک مزید 3 ہزار فوجی پولینڈ بھیجنے کا اعلان کیا۔ ادھر جرمنی کا کہنا تھا کہ اگر یوکرین پر حملہ ہوا تو امریکا، فرانس اور جرمنی روس کے خلاف سخت پابندیاں لگائیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روس نے یوکرین کے ساتھ سرحد پر ایک لاکھ سے زائد فوجی جمع کر لیے ہیں۔ تاہم روس نے یوکرین پر حملے کی منصوبہ بندی کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ایسا کوئی منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔ وائٹ ہاوس نے کہا ہے کہ روس آئندہ چند روز میں یوکرین پر بمباری اور میزائل حملہ کرسکتا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

زیارت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو زیارت کے 5 فروری کے دورے کے دوران ویلیو ایڈیشن پروگرام کے منصوبے کے افتتاح پر دعا کررہے ہیں

صنعا میں فوجی آپریشن شروع کرنے کا اعلان، عرب اتحاد

شہری صنعا میں نشانہ بنائے جانے والے ٹھکانوں سے دور رہیں، ترجمان عرب اتحاد

شہری ہوائی اڈوں اور مسافروں کے لیے سنگین خطرات کا جواب دینے کے لیے سخت عملی اقدامات کرینگے

صنعاء (این این آئی) یمن میں آئینی حکومت کے حامی عرب اتحاد نے جمعے کی شب دارالحکومت صنعا میں فوجی آپریشن شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اتحاد نے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ صنعا میں نشانہ بنائے جانے والے ٹھکانوں سے دور رہیں۔ اس سے قبل عرب اتحاد نے بتایا کہ سعودی دفاعی افواج نے ابہا کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کی سمت بھیجے گئے ایک ڈرون طیارے کو فضا میں تباہ کردیا۔ تباہ شدہ ڈرون کے ٹکڑے ہوائی اڈے کے اطراف گرے۔ عرب اتحاد کے مطابق واقعے میں ابہا کے ہوائی اڈے پر

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل پریس کانفرنس کررہے ہیں

حجاب تنازع پر مودی سرکار کی ڈھٹائی، معاملہ اندرونی قرار

نئی دہلی (این این آئی) مسلم دشمنی کے حوالے سے مشہور مودی سرکار حجاب معاملے پر اپنی ڈھٹائی پر قائم ہے اور اس نے عالمی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے اسے ملک کا اندرونی معاملہ قرار دے دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت میں مسلم

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عمرہ اجازت نامے 31 مارچ تک جاری کرائے جاسکتے ہیں، سعودی وزارت

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت حج وعمرہ نے کہا ہے کہ 28 شعبان 31 مارچ 2022 تک اعتمر نا اور توکلنا ایپ کے ذریعے عمرہ اجازت نامے جاری کرائے جاسکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی وزارت حج وعمرہ نے ایک بیان میں کہا کہ عمرہ اجازت نامے ایپ ہولڈر اور ان کے مرافقین کے لیے جاری ہوں گے، عمرہ اجازت

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حجاب پر مسلم طالبات کے احتجاج پر بھارتی فورس کا تین شہروں کا محاصرہ

بنگلورو (این این آئی) بھارت کے تعلیمی اداروں میں مسلم طالبات پر حجاب نہ پہننے کی پابندی کے خلاف سخت احتجاج کے بعد بھارتی پولیس نے تین شہروں کا محاصرہ کرلیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق کالج کے احاطے اور کلاس رومز میں مسلم طلبا کے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شمال مشرقی شام میں داعش پھر سے سر اٹھا رہی ہے، کرد جنگجو کمانڈر

دمشق (این این آئی) شمال مشرقی شام میں متحرک امریکی حمایت یافتہ کرد گروپ سیرین ڈیموکریٹک فورس کے کمانڈر مظلوم عابدی نے کہا ہے کہ دہشت گرد تنظیم اسلامک اسٹیٹ پھر سے خطرہ بنتی جارہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ فوری

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شیخ احمد یاسین شہید کے زیر استعمال اشیا کا میوزیم بنانے کا فیصلہ

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں 22 مارچ کو اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے بانی شہید شیخ احمد یاسین کے زیر استعمال سامان پر مشتمل میوزیم کے افتتاح کے لیے تیاریاں جاری ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میوزیم فائل کے انچارج اہلکار اور شیخ احمد

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ ضوابط مخالف مظاہرین کا پیرس کی جانب مارچ، پولیس تعینات

پیرس (این این آئی) فرانس بھر سے کووڈ ضوابط مخالف ہزاروں مظاہرین دارالحکومت پیرس کے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مسلمانوں کے حلیے میں یہودی انتہا پسند مسجد اقصی میں داخل

مسجد اقصی میں داخل ہونے کیلئے مسلمانوں جیسے کپڑے، ٹوپی پہنتے ہیں

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) انتہا پسند یہودیوں کے مسلمانوں جیسا حلیہ بنا کر مسلمانوں کے مقدس مقام مسجد اقصی میں داخل ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق انتہا پسند یہودی مسلمانوں جیسا حلیہ بنا کر مسجد اقصی میں داخل ہوتے ہیں اور اپنی عبادت کرتے ہیں۔ انتہا پسند یہودی تنظیم کے ایک

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل پریس کانفرنس کررہے ہیں

ملتان، پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شجاع آباد میں کسان کنونشن سے خطاب کررہے ہیں

افغانستان سے فوجی انخلا کے لیے اچھا وقت کوئی نہیں تھا، بائیڈن

مکمل فوجی انخلا کا واحد متبادل صرف یہی ہوسکتا تھا کہ مزید امریکی فوجی افغانستان بھیجے جائیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے ایسی میڈیا رپورٹیں مسترد کردی ہیں کہ ملکی فوج میں ان کے افغانستان سے حتمی انخلا کے فیصلے پر عدم اطمینان پایا جاتا ہے۔ افغانستان سے انخلا کے لیے کوئی بھی وقت اچھا وقت نہیں تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے کہا کہ افغانستان سے فوجی انخلا کے لیے کوئی بھی اچھا وقت تو کبھی تھا ہی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

طالبان نے حراست میں لیے گئے صحافیوں کو رہا کردیا

شناختی دستاویزات نہ ہونے پر گرفتار کیا تھا، ثبوت فراہم کرنے کے بعد رہا کردیا، ذبیح اللہ مجاہد

کابل (این این آئی) صحافیوں کے ساتھ کام کرنے والے افغان شہریوں کو بھی رہا کردیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان کے نائب وزیر برائے ثقافت اور اطلاعات ذبیح اللہ مجاہد نے ٹویٹر پر اپنے ایک پیغام میں بتایا کہ صحافیوں کو اس لیے حراست میں لیا گیا تھا کیونکہ ان کے پاس ایسے کوئی شناختی دستاویزات نہیں تھے جن سے یہ ثابت

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فرانس میں کورونا پابندیوں کیخلاف احتجاج، مظاہرین نے پیرس کا رخ کرلیا

مظاہرین میں ویکسین کی مخالفت کرنیوالے کارکنان شامل، کچھ توانائی کی قیمت میں تیزی سے اضافے پر بھی خفا

پیرس (این این آئی) پولیس کی جانب سے واپس جانے کا انتباہ جاری کرنے کے باوجود کورونا وائرس کی ویکسین لگوانے سے متعلق قانون اور دیگر پابندیوں کے خلاف فرانس بھر سے مظاہرین پیرس کی جانب روانہ ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا سے متصل سرحد پر ٹریفک کو متاثر کرنے والے کینیڈین ٹرک ڈرائیورز سے متاثر ہوکر فرانسیسی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میجر فاطمہ نے جنوبی افریقن فوج کیخلاف اسکارف جنگ جیت لی

مسلح افواج میں مسلم خواتین سپاہیوں اور افسران کا ہیڈ اسکارف پہننا خلاف قانون نہیں ہوگا، فوجی ترجمان

پریٹوریا (این این آئی) جنوبی افریقہ کی فوج میں بطور میجر تعینات مسلمان خاتون میجر فاطمہ آئزک نے فوجی یونیفارم کے ساتھ اسکارف پہننے کی جنگ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ سول ہسپتال ڈیرہ اللہ یار کا دورہ کررہے ہیں

برطانیہ کی کیمبرج یونیورسٹی میں اسرائیلی سفیر کی آمد پر طلبا کا احتجاج

مظاہرے میں مسلمان، عیسائی اور یہودی طلباء شریک، اسرائیلی سفیر کی آمد کی مذمت

فلیئر جلائے اور کار کی پارکنگ کے گیٹ کے سامنے رکاوٹیں کھڑی کر دیں

لندن (این این آئی) کیمبرج یونیورسٹی میں اسرائیلی سفیر کی آمد پر طلبا نے احتجاج کیا ہے، برطانیہ میں اسرائیلی سفیر زہی ہوٹودلی کو کیمبرج یونیورسٹی میں ایک پروگرام میں شرکت کی دعوت کے خلاف طلبا اور کارکنوں نے یونیورسٹی کے باہر مظاہرہ کیا۔ یونیورسٹی کے طلبا اور کارکنوں نے اسرائیلی سفیر کو نسل پرست قرار دے کر انکی مذمت کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس کی نفری کی موجودگی میں کارکنوں نے نعرے لگائے، فلیئر جلائے اور کار کی پارکنگ کے گیٹ کے سامنے رکاوٹیں کھڑی کر دیں۔ قابل ذکر ہے کہ نومبر 2021 میں اسرائیلی سفیر ہوٹودلی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میانمار کی فوجی حکومت کا آٹھ سو سے زائد قیدیوں کی رہائی کا اعلان

ینگون (این این آئی) میانمار کی فوجی حکومت نے ملک کی مختلف جیلوں میں قید آٹھ سو سے زائد افراد کو عام معافی دے کر رہا کرنے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ اعلان ملک کے یونین ڈے کے موقع پر ملکی دارالحکومت میں فوجی پریڈ کے دوران کیا گیا۔ گزشتہ برس فروری

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سردیوں میں حرارت جذب کرنے، گرمیوں میں تپش روکنے والی کھڑکی متعارف

کھڑکی سردیوں میں دھوپ سے انفراریڈ شعاعیں جذب کرکے راس کی گرمی کمرے میں بکھیرتی ہے

لندن (این این آئی) سائنسدانوں نے گھروں کو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں سرد رکھنے والی اسمارٹ کھڑکی تیار کرلی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آکسفورڈ یونیورسٹی کے سائنسدانوں نے کھڑکیوں کے شیشے کے لیے ایک اسمارٹ کوٹنگ تیار کی ہے جو گرمی میں حرارت کو منعکس کرتی ہے اور سردیوں میں حرارت کو اندر آنے دیتی ہے جس سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی علاقوں میں کرونا میں معمولی کمی، مزید 17 اموات

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران فلسطینی علاقوں میں کرونا کے 4040 مریض سامنے آئے

رام اللہ (این این آئی) فلسطین کی وزارت صحت نے بتایا ہے کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کرونا سے مزید 17 شہری وفات پاگئے جب کہ 4040 نئے کیسز سامنے آئے ہیں۔ اس دوران 6934 مریض صحت یاب ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت صحت کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران غزہ میں

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل کا بائیکاٹ کرنیوالے کھلاڑی کا کویتی پارلیمنٹ میں استقبال

رکن کویتی پارلیمنٹ اور دفتر کے مبصر نمائندے اسامہ الشاہین نے اپنے ملک کے کھلاڑی کا استقبال کیا، رپورٹ

کویت سٹی (این این آئی) کھیلوں کے میدان میں اسرائیلی ریاست کا بائیکاٹ کرنے والے کویتی کھلاڑی کا وطن واپسی پر کویتی پارلیمنٹ کی طرف سے استقبال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کویتی پارلیمنٹ نے ٹینس کھلاڑی محمد العوضی کو بین الاقوامی ٹینس چیمپئن شپ میں صہیونی کھلاڑی کا مقابلہ کرنے سے انکار کرنے پر اعزاز سے نوازا جو حال ہی میں امارت دبئی میں منعقد ہوئی تھی۔ کویتی پارلیمنٹ کے رکن اور کویتی پارلیمنٹ کے دفتر کے مبصر نمائندے اسامہ الشاہین نے اپنے ملک کے کھلاڑی کا استقبال کیا۔ اس کے علاوہ کھیلوں میں غاصب صہیونی ریاست کے کھلاڑیوں کے مقابلوں کا بائیکاٹ کرنے پر ان کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی اور العوضی کی تکریم کی گئی۔ الشاھین نے کہا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے، بے حرمتی کرتے رہے

انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آباد کاروں نے اسرائیلی پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد قصی میں گھس کر مسلمانوں کے قبلہ اول کی بے حرمتی کی۔ یہودی آبادکار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں دنیا کی سب سے بڑی شیشہ سرنگ کی نمائش

لاتعداد عکس دکھانیوالی یہ کیلیڈواسکوپ سرنگ 131 فٹ لمبی اور تقریبا 20 فٹ اونچی ہے

ریاض (این این آئی) برطانوی کمپنی اسٹفش نے سعودی عرب میں ٹیکنالوجی کی ایک عالمی نمائش کے موقع پر دیوقامت آئینوں سے تیار کردہ ایک بہت بڑی سرنگ پیش کی ہے جسے دنیا کی سب سے بڑی شیشہ سرنگ (کیلیڈواسکوپ ٹنل) بھی قرار دیا جارہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کیلیڈواسکوپ میں چاروں طرف آئینے ہی آئینے نصب ہوتے ہیں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حجاب کیخلاف مہم، اتر پردیش میں بھی باحجاب طالبہ کو کلاس سے نکال دیا گیا

اساتذہ نے بھی طالبہ کی مدد کرنے کے بجائے یونیفارم کے اصولوں کی پابندی کرنے کو کہا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ہندو انتہا پسندی عروج پر ہے۔ کرناٹک کے بعد اتر پردیش کے ایک کالج سے بھی حجاب پہننے والی طالبہ کو نکال دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اتر پردیش کے شہر جون پور کے ایک کالج میں مسلمان طالبہ کو حجاب کرکے کالج آنے پر کلاس سے نکال دیا گیا۔ پرنسپل اور اساتذہ نے بھی طالبہ کی مدد کرنے کے بجائے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حجاب پہننے پر پابندی مذہبی آزادی کی خلاف ورزی ہے، امریکا

مذہبی آزادی میں لباس کے انتخاب کی آزادی بھی شامل ہے، امریکی عہدیدار

واشنگٹن (این این آئی) بھارت کے تعلیمی اداروں میں حجاب پر پابندی کیخلاف دنیا میں آوازیں اٹھنے لگیں۔ امریکا نے حجاب پر پابندی کو مذہبی آزادی کی خلاف ورزی قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے مذہبی آزادی سے متعلق ادارے کے اعلی عہدیدار راشد حسین نے بیان میں کہا کہ بھارتی ریاست کرناٹک میں تعلیمی اداروں میں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

معذور سعودی نوجوان نے اپنے لیے خود الیکٹرک وہیل چیئر تیار کرلی

بچپن میں پولیو کا شکار ہوا جس کے نتیجے میں معذور ہوگیا اور مشکل زندگی جی رہا تھا

ریاض (این این آئی) ہمت اور حوصلہ معذور انسان کو کبھی بہادر اور باصلاحیت بنا سکتے ہیں۔ اس کی مثال سعودی عرب سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کی پیش کی جاسکتی ہے جنہوں نے اپنی جسمانی معذوری دور کرنے کے لیے اپنی دماغی اور تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کر کے اپنے لیے ایسی وہیل چیئر خود ہی بنالی جس کی مدد سے وہ آسانی کے ساتھ نقل وحرکت اور کرسکتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق حمد الدوسری نے بتایا کہ وہ بچپن میں پولیو کا شکار ہوا جس کے نتیجے میں وہ معذور ہوگیا لیکن اس کی جسمانی معذوری نے اسے سوچنے اور تخلیقی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، صوبائی محتسب خاتون صابرہ اسلام ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ذاکر علی بلوچ و دیگر ضلع کونسل ہال میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی میں رومی دور کی پرانی قبریں دریافت

کھدائی کا کام دو ہفتوں سے جاری ہے، فرانسیسی ماہر کی مدد سے کام جاری ہے

غزہ (این این آئی) فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی میں رومی دور کی پرانی قبریں دریافت ہوئی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق غزہ کی وزرا کونسل نے مصری شہر کے قیام پر کام کے دوران شمالی غزہ کی پٹی کے محراب کے علاقے میں رومی دور کے قدیم مقبروں کی نئی دریافت کی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی۔ سیاحت اور نوادرات کی وزارت کے انڈر سیکرٹری ابراہیم جابر نے کھدائی کے کام کے معائنے کے دوران کہا کہ پچھلے دنوں میں جو انکشاف ہوا تھا اس کے علاوہ دیگر قبریں بھی ملی ہیں۔ اس کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔ موسم سرما کے اثرات سے جگہ کو بچانے کے اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اس جگہ پر کام ابھی بھی جاری ہے۔ یہ ہولڈنگز فلسطینی عوام اور ان کی آنے والی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں 24 لاکھ کیپٹاگون گولیوں کی اسمگلنگ ناکام

منشیات جدہ و دبئی کی بندرگاہوں سے مملکت کو موصول ہونے والی کنسائنمنٹس میں چھپائی گئی تھی، کسٹم اتھارٹی

اسمگلنگ کی دوسری کوشش دبئی بندرگاہ کے کسٹم پر ہوئی، جہاں اس بندرگاہ کے ذریعے ایک ٹرک پر سوار سنگتروں کی کھیپ مملکت میں موصول ہوئی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں زکوتہ، ٹیکس اور کسٹم اتھارٹی نے 2483926 کیپٹاگون گولیوں کی اسمگلنگ کی دو کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ منشیات جدہ اسلامک پورٹ اور دبئی پورٹ کی بندرگاہوں کے ذریعے مملکت کو موصول ہونے والی کنسائنمنٹس میں چھپائی گئی تھی۔ کسٹمز اتھارٹی نے وضاحت کی کہ اسمگلنگ کی پہلی کوشش جدہ اسلامک پورٹ کے کسٹم پر کی گئی جہاں سے پلاسٹک کے دستانے کی کھیپ موصول ہوئی۔ کھیپ کے معائنے کے دوران 2060000 گولیاں برآمد ہوئیں جنہیں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، صوبائی محتسب خاتون صابرہ اسلام ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ذاکر علی بلوچ و دیگر ضلع کونسل ہال میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

کورونا وائرس کے خلاف اینٹی باڈیز 20 مہینے تک موجود رہتی ہیں، تحقیق

بالٹیمور (این این آئی) امریکی ماہرین نے دریافت کیا ہے کہ ویکسین لگوائے بغیر کووڈ 19 کو شکست دے کر صحت یاب ہوجانے والوں میں اس بیماری کے خلاف بننے والی اینٹی باڈیز 20 ماہ تک موجود رہتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جان ہاپکنز یونیورسٹی کے تحت پچھلے سال شروع ہونے والی اس تحقیق میں ایسے 1580 رضا کار بھرتی کیے گئے جو کووڈ 19 میں مبتلا ہونے کے بعد صحت یاب

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے وزیر خزانہ بلوچستان نور محمد دمڑ ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پشیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایجنل پلازہ، ایجنل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون: 2835212 فیکس: 2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں امن

وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ 2013 سے پہلے صوبے کے مختلف علاقوں میں آزادانہ آمد ورفت ممکن نہ تھی۔ ایک خوف کی فضا تھی تاہم سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کے باعث بلوچستان میں امن قائم ہے۔ لوگ آزادانہ سفر کرسکتے ہیں۔ تعلیمی ادارے کھلے ہیں۔ کاروبار چل رہے ہیں۔ سرمایہ کاری آرہی ہے روزگار کے مواقع بڑھا رہے ہیں۔ سیکورٹی فورسز نے ہر مشکل وقت میں دشمن کا مقابلہ کیا اور انہیں عبرت ناک شکست سے دوچار کیا۔ دشمن کسی بھی طور ہماری فورسز کے حوصلے پست نہیں کرسکتا۔

موجودہ صوبائی حکومت نے امن و امان کو اولین ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے۔ حکومت اس امر سے بخوبی آگاہ ہے کہ ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لئے امن ناگزیر ہے۔ گزشتہ عشرہ میں بلوچستان کے کئی علاقے نوگو ایریاز میں تبدیل ہو چکے تھے۔ لیکن اب صورتحال میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ دشمن قوتوں کو یہ امن ہضم نہیں ہو رہا۔ صوبے میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات اسی سلسلے کی کڑی ہیں، لیکن فورسز نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر متاثرہ علاقے کو کلیئر کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے قرار دیا ہے کہ دہشت گردی کے واقعات کے پیچھے غیر ملکی ہاتھ ہے۔ صوبے میں دہشت گردی کے جب بھی واقعات ہوئے ہیں۔ حکومتی شخصیات کی جانب سے اسی قسم کا موقف سامنے آتا ہے۔ سیکورٹی انتظامات بھی وقتی طور پر سخت کر دیئے جاتے ہیں۔ لیکن جونہی صورتحال میں کچھ بہتری آتی ہے۔ خصوصی اقدامات میں کمی ہو جاتی ہے۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے چیک پوسٹوں کو ہٹانے کی ہدایات سامنے آرہی ہیں، تاکہ عوام کو دوران چیکنگ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ بعض علاقوں میں چیک پوسٹیں اور ناکے ناگزیر ہیں۔ کوئٹہ شہر میں بھی دہشت گردی کے ساتھ ساتھ جرائم کی وارداتوں میں تیزی آئی ہے۔ شہریوں میں سٹریٹ کرائمز سے سخت خوف وہراس پایا ہے۔ کسی بھی حکومت کی کامیابی کے لئے عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح سمجھا جاتا ہے۔ جو حکومت عوام کو امن فراہم نہ کرسکے اس سے کوئی مزید توقعات وابستہ نہیں کی جاسکتیں۔ بلوچستان رقبہ کے لحاظ سے ملک کے نصف کے قریب ہے۔ وسیع رقبہ اور دور دور تک دشوار گزار پھیلی ہوئی آبادی کے حامل علاقوں میں امن کا قیام دشوار ہوتا ہے۔ ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ قبائلی معاشرہ امن پر یقین رکھتا ہے۔ اور امن برقرار رکھنے کے لئے حکومتی اداروں سے تعاون بھی کیا جاتا ہے۔ لیویز فورس کی بنیاد بھی قبائلی تناظر میں رکھی گئی۔ لیویز سوسیکاڈا کا زیر تشکیل ہے)۔

اس کے علاوہ چار ہزار مزید اہلکاروں کی تربیتی گنجائش صوبے میں اسے امن و عامہ بحال رکھنے میں کوئی مشکل درپیش نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں لیویز ایریاز کو قائم رکھنے اور پی ایریاز کو ختم نہ کرنے بارے قرار دادیں منظور ہو چکی ہیں۔ صوبے میں اگر سویلین فورسز کو زیادہ وسائل اور جدید تربیت فراہم کی جائے تو اس سے امن کی بحالی میں زیادہ بہتری آئے گی۔

صوبائی حکومت نے تین سال سے تعطل کا شکار ترقیاتی منصوبوں پر دوبارہ کام کا آغاز کیا ہے۔ عوام کی جانب سے حکومتی کاوشوں کو سراہا جارہا ہے، لیکن امن کی صورتحال کو اگر یقینی نہ بنایا گیا تو 2013 سے پہلے والے حالات دوبارہ پیدا ہوسکتے ہیں۔ ہم حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ امن کی بحالی کے لئے تمام آپشنز کو استعمال کیا جائے۔ جہاں کہیں سیاسی طور پر مسئلہ حل ہوسکتا ہو، وہاں مذاکرات کی راہ بھی اپنائی جاسکتی ہے۔

کیل ٹھونکنا سیکھیے!

ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

سب سے بڑا علاج تو ہم نے ابھی تک بتایا ہی نہیں! دیکھیے بلی جب ہی شیر کی خالہ بنی تا جب ضرورت پڑنے پر بھاگ کر درخت پہ چڑھ گئی اور تعاقب کرنے والا منہ دیکھتا رہ گیا۔ سو ثابت ہوا کہ خاص نسخہ جات عوام الناس کی نظر سے اوجھل رکھنا اور ضرورت پڑنے پر ان کو خواص تک پہنچانا جانا وقت کی باگیں اپنے ہاتھ میں رکھنے کے مترادف ہے۔ اب کیا ہے کہ ہم سوچے بیٹھے ہیں کہ عورت جب تک اپنے حقوق کی جنگ نہیں لڑسکتی جب تک اس کا ذہن اور جسم صحت مند نہ ہو اور اسے اپنے ہی بارے میں کسی نتیجے سے بہتر ہوتی ہے بلکہ پوری توجیہ ہونی چاہیے۔ کیونکہ ان اعضا کے درست کام نہ کرنے سے عورت کا وجود (Being) خطرے میں پڑ جاتا ہے اور اس کے ہونے یا نہ ہونے کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ باجود عورت کا معاشرے میں مقام کسی سے مخفی نہیں۔ مابانہ تکالیف سے ہر آزاد ہوتی عورت سے کسی کو ہمدردی نہیں ہوتی بلکہ انہیں استہزائیہ طنزیہ رویوں اور ایسی اقدار کی ہیجنیٹ چڑھا دیا جاتا ہے جہاں انہیں زندگی کے رواں دواں دھارے سے کاٹ کر تنہائی کی سزا سنائی جاتی ہے۔ واپسی جب ہی ممکن ہوتی ہے جب وجسم صحافتی بے قراری (ایکسائٹمنٹ) کہا ہوتی ہے، اس کا تجزیہ صدر ممنون حسین کی ایک تقریر کی وجہ سے ہوا۔ یہ موقع تھا مرد اعبدالرب نشتر کی برسی کا اور موضوع تھا ویلنٹائن ڈے کا۔

ممنون صاحب پیدائشی مسلم لیگی تھے۔ قیام پاکستان سے قبل ان کے بزرگ آگرہ مسلم لیگ سے وابستہ تھے۔ آزادی کے بعد یہ خاندان کراچی منتقل ہوا تو یہاں بھی یہ روایت برقرار رہی۔ تعلیم مکمل ہوتے ہی انھیں عبداللہ ہارون کالج کا پرنسپل بنا دیا گیا۔ ممنون صاحب کی ابتدائی تربیت سیاست کے اسی درسے میں ہوئی۔ یہ یقین وہی زمانہ تھا جب مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح ایوب خان کی آمریت کے خلاف قومی جدوجہد کی قیادت کررہی تھیں۔ یوں اول تا آخر مسلم لیگی ہونے کے باوجود ان کے مزاج میں مزاحمت کی نمایاں جھلک دیکھی جاسکتی تھی۔ یہ اس کے باوجود تھا کہ مسلم لیگی روایتی طور پر غیر جمہوری مزاج رکھتے تھے اور ان کی سیاست کا نصیر سڑکوں کے بجائے ڈرائنگ روم سے اٹھتا تھا۔

ابتدائی زمانے میں ممنون صاحب کی جو تربیت ہوئی، اس کے اثرات بعد کے زمانے میں بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ غلام اسحٰق خان نے جب میاں نواز شریف کی حکومت معزول کی تو ممنون صاحب ان دنوں کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر تھے۔ انھوں نے فوری طور ہڑتال کی اپیل کردی جس کے جواب میں پورا کراچی بند ہوگیا۔ میاں نواز شریف کے لیے یہ حیران کن تھا۔ وفاری طور پر کراچی پہنچے اور ممنون صاحب سے ملاقات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ میری آپ کی کوئی جان پہچان نہیں اور نہ کوئی تعلق، پھر آپ نے ہڑتال کیوں کرائی؟

ممنون صاحب نے اس موقع پر جو جواب دیا، وہ میاں صاحب کے دل کو چھو گیا۔ ممنون صاحب نے کہا تھا کہ میں نے یہ کام کسی تعلق کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک اصول کی بنیاد پر کیا ہے۔ غلام اسحٰق خان متاثر نہیں ہوا بلکہ ملک بھی غیر مستحکم ہوا ہے۔ ہمارا احتجاج اس کے خلاف تھا۔ یہی وہ بات تھی جس نے دونوں راہنماؤں کے درمیان ایک مضبوط تعلق کی بنیاد رکھی۔ میاں صاحب نے انھیں دعوت دی کہ وہ ان کی جماعت میں متحرک ہو جائیں۔ ممنون صاحب نے یہ دعوت قبول کرلی۔

ایوان صدر میں یوم محبت

فاروق عادل

ممنون صاحب کے مزاحمتی مزاج کی تیسری اور سب سے بڑی جھلک تب دکھائی دی جب جنرل پرویز مشرف نے میاں صاحب کی حکومت کا تختہ کرکے انھیں پابند سلاسل کردیا۔ میاں صاحب جن دنوں اٹک قلعے میں بند تھے، عید کا موقع آ گیا۔ اس موقع پر ممنون صاحب نے اعلان کیا کہ مسلم لیگ کے کارکن یہ عید میاں صاحب کے ساتھ جیل میں منائیں گے۔ یوں وہ ایلچی بھی کارکنوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ لاہور کی جیل روانہ ہوئے۔ میاں نواز شریف کے لیے یہ حیران کن تھا۔ وفاری طور پر کراچی پہنچے اور ممنون صاحب سے ملاقات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ میری آپ کی کوئی جان پہچان نہیں اور نہ کوئی تعلق، پھر آپ نے ہڑتال کیوں کرائی؟

ممنون صاحب نے اس موقع پر جو جواب دیا، وہ میاں صاحب کے دل کو چھو گیا۔ ممنون صاحب نے کہا تھا کہ میں نے یہ کام کسی تعلق کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک اصول کی بنیاد پر کیا ہے۔ غلام اسحٰق خان متاثر نہیں ہوا بلکہ ملک بھی غیر مستحکم ہوا ہے۔ ہمارا احتجاج اس کے خلاف تھا۔ یہی وہ بات تھی جس نے دونوں راہنماؤں کے درمیان ایک مضبوط تعلق کی بنیاد رکھی۔ میاں صاحب نے انھیں دعوت دی کہ وہ ان کی جماعت میں متحرک ہو جائیں۔ ممنون صاحب نے یہ دعوت قبول کرلی۔

سی پیک ایک سے دوسرے مرحلے میں

وسعت اللہ خان

چاروں قبل وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کا دورہ کرتے ہوئے وضاحت کی کہ پاک چائنا اکنامک کاریڈور (سی پیک) کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے۔ اور یہ بلوچستان کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔

پہلے مرحلے میں توانائی اور مواصلاتی و تجارتی منصوبوں پر توجہ دی گئی۔ دوسرے مرحلے میں صنعت کاری اور زراعت کو مرکز بنایا جائے گا۔ اس وضاحت سے چند روز پہلے ہی چیک اتھارٹی سے متعلق وزیراعظم کے معاون خصوصی خالد منصور نے ایک پریس بریفنگ میں کچھ خوش اور کچھ ڈرائنگ بورڈ پر موجود منصوبوں کے بارے میں بتایا کہ دوسرا مرحلہ پہلے مرحلے کی نسبت سینتیس فیصد بڑا ہے۔

چین میں پاکستان کے سفیر مسٹر یاؤ جنگ کے بقول پہلے مرحلے میں توانائی کے جو منصوبے مکمل ہوئے ان میں کوئلے سے تیرہ سو میں میگاواٹ بجلی پیدا کرنے والے تین کارخانے (ساہیوال، پورٹ قاسم، حب)، چھ سو ساٹھ میگاواٹ کا ایگرو تھر پاور پروجیکٹ اور ایک ہزار میگاواٹ کا بہاول پور سولر پاور پارک شامل ہے (اس پاور پارک میں چار سو میگاواٹ کا پیداواری منصوبہ مکمل ہو چکا ہے اور چھ سو میگاواٹ کا زیر تکمیل ہے)۔

اس کے علاوہ چار ہزار میگاواٹ کی تربیلی گنجائش کے منصوبوں میں اسے امن و عامہ بحال رکھنے میں کوئی مشکل درپیش نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں لیویز ایریاز کو قائم رکھنے اور پی ایریاز کو ختم نہ کرنے بارے قرار دادیں منظور ہو چکی ہیں۔ صوبے میں اگر سویلین فورسز کو زیادہ وسائل اور جدید تربیت فراہم کی جائے تو اس سے امن کی بحالی میں زیادہ بہتری آئے گی۔

صوبائی حکومت نے تین سال سے تعطل کا شکار ترقیاتی منصوبوں پر دوبارہ کام کا آغاز کیا ہے۔ عوام کی جانب سے حکومتی کاوشوں کو سراہا جارہا ہے، لیکن امن کی صورتحال کو اگر یقینی نہ بنایا گیا تو 2013 سے پہلے والے حالات دوبارہ پیدا ہوسکتے ہیں۔ ہم حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ امن کی بحالی کے لئے تمام آپشنز کو استعمال کیا جائے۔ جہاں کہیں سیاسی طور پر مسئلہ حل ہوسکتا ہو، وہاں مذاکرات کی راہ بھی اپنائی جاسکتی ہے۔

پاکستان میں عورتوں کا دن 12 فروری کیوں؟

وجاہت مسعود

دنیا بھر میں عورتوں کا دن 8 مارچ کو منایا جاتا ہے مگر پاکستان میں یہ دن 12 فروری کو منایا جاتا ہے۔ اس کا ایک تاریخی پس منظر ہے۔ 1983ء میں جنرل ضیاالحق نے اسلام کے نام پر 1862ء کے قانون شہادت میں ترمیم کرکے عورتوں کی گواہی کو مردوں کے مقابلے میں آدھا قرار دے دیا تھا۔ اس سے ٹھیک تین برس پہلے فروری 1979ء میں حدود قوانین کے نفاذ سے عورتوں کی قانونی، سماجی، معاشی اور سیاسی حیثیت کو خاصا دھچکا پہنچا تھا۔ قانون شہادت میں تبدیلیوں سے عورتوں کی حیثیت میں مزید کمی کا خدشہ تھا۔ بظاہر 979ء کے حدود قوانین کا تعلق صرف جنسی بے راہ روی سے تھا لیکن عملی طور پر حدود قوانین نے عورتوں کو انسان کے درجے سے گرا کر محض ایک جنسی شے کی حیثیت دے دی۔ عورتوں کی تعلیمی ترجیحات، پیشہ ورانہ انتخاب اور سیاسی رائے کو جنسی تناظر میں دیکھا جانے لگا۔ حتیٰ کہ عورتوں کا لباس بھی حدود قوانین کی زد میں آگیا۔ 1979ء میں ملک بھر میں قیدی عورتوں کی کل تعداد چند سو سے زیادہ نہیں تھی۔ اب یہ تعداد 6000 سے تجاوز کر چکی ہے۔

1984ء میں قانون شہادت میں ترمیم کے موقع پر مذہب پسند حلقوں نے طلق تقلی دینے کی کوشش کی کہ قانون میں عورتوں کی نصف گواہی کا تعلق صرف مالی معاملات سے ہوگا۔ گویا ماحیات کی تعلیم سے بہرہ ور خاتون بینک منیجر کے مقابلے میں اس کے نیم خواندہ مرد چپراسی کی گواہی کو فوقیت دی جائے گی۔ تاہم کچھ ہی برس بعد مالی معاملات کی یہ شرط بھی غائب ہو گئی جب راشدہ پٹیل کیس (1990) میں سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا کہ قتل عمد کے مقدمات میں بھی عورتوں کی گواہی آدھی مانی جائے گی۔

عورتوں کے حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیم ویمن ایکشن فورم نے قانون شہادت میں ترمیم کے خلاف 12 فروری 1983ء کو جلوس نکالنے کا اعلان کیا۔ اس روز قانون شہادت کا ترمیمی بل مجلس شوریٰ کے سامنے پیش کیا جانا تھا۔ لاہور کی عورتوں نے پنجاب اسمبلی کے مقابل فری میسن بلڈنگ کے سامنے جمع ہونا تھا۔ یہاں سے انھیں چند سو گز کے فاصلے پر لاہور ہائی کورٹ جانا کر چیف جسٹس کو ایک یادداشت پیش کرنا تھی۔ چیف جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال تھے جن کی روشن خیالی کی بڑی دھوم تھی مگر فوجی آمریت کے مذہبی طوفان میں بڑے بڑے چراغ ٹمٹما رہے تھے۔ سیاسی سرگرمیوں پر پابندی تھی۔ ہزاروں سیاسی کارکن جیل میں تھے۔ اخبارات پر کڑی سنسر شپ تھی۔ سندھ کے گاؤں فوج کے حاضر سروس میجر جنرل آمر باقاعدگی سے سال بسال اہل قلم کا نفرنس بجا کر محب وطن دانشوروں پر طنز کی چاندماری، ہوا اور پانی حرام کرنے کی جھڑی رچاتا تھا۔

پاکستانی تاریخ کا یہ پہلو دلچسپ ہے کہ ہر فوجی آمریت کا مقابلہ کرنے کے لیے عوامی میدان میں اترتی ہے۔ فیلڈ مارشل ایوب خان کو فاطمہ جناح نے للکارا تھا۔ 1983ء میں ہونے والے ایک تہلکہ خیز کے رزلٹ پر انہام دے کر بی بی سی بعد ازاں فوجی اقتدار کے دن اور دلیں آئے تو لاہور کی سڑکوں پر کرین سے لٹکتی گاڑی میں فوجی حکومت کا مقابلہ کرنے والی عورت کا نام مکھ منو انوتھا۔

12 فروری 1983ء کی شام لاہور کی عورتوں نے غیر منصفانہ قانون کی مزاحمت کا فیصلہ کیا۔ چادر اور چار دیواری کے تحفظ کا دعویٰ کرنے والوں کی حد برداشت دو سو گز دور نہ جا سکی۔ ریگل چوک پر بلوس رک کر عورتوں پر ڈنڈے برسانے لگے۔ آنسو گیس پھینکی گئی۔ انھیں سڑک پر گھسیٹا گیا۔ ڈنڈی جلوس عورتوں کو گالیاں دیتے ہوئے گرفتار کرکے لڑکوں میں ڈالا گیا۔ اعلیٰ اخلاقیات اور عورتوں کے احترام کے دعوے داروں نے اس پر زبان تک نہ ہلائی۔ 12 فروری کو پاکستان میں عورتوں کا دن ہی داغے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

جنس متیرے اپنی کتاب 'جناح سے ضیا تک' میں ایک دلچسپ مشاہدہ بیان کیا ہے۔ 1962ء کے آئین پر بحث کے دوران لاء پورٹ (اب فیصل آباد) سے جماعت اسلامی کے کارکن میاں عبدالباری نے نظریۂ پاکستان کی اصطلاح استعمال کی۔ ان سے اس کا مفہوم پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ نظریۂ پاکستان اسلام ہے۔ جنس متیر اس پر کہتے ہیں کہ مسلم اکثریتی معاشرے کی مجبوری یہ ہے کہ اسلام کا نام لیے بغیر کوئی سوال اٹھانا یا دلیل دینے کی بحث نہیں کرتا۔ ڈاننور آفریدی کو مسلم ایسی ہی جست ہیں جہاں شہریوں کی عمومی ذہنی صلاحیت کمزور اور جذبات منزور ہوتے ہیں۔

سماجیات کے ماہر کہتے ہیں کہ بنیاد پرستی اپنی روح میں عورت دشمن ہے۔ یہاں ثقافت، رسومات اور مذہب میں کوئی تشریح سے ایسا گدلا پانی تیار کیا جاتا ہے جو عورت کو بیوی بنانے کے فوراً بعد اس پر لاگو کیا جاتا ہے۔ اس گھر میں بسنا ہے تو مرضی تو دور کی بات، چوں چرا کی بھی گنجائش نہیں۔ میرا گھر، میرے ماں باپ، میری مرضی، میری پسند پہنند کا یہ خیال رکھوگی تو جنتیں رہنے کو ملیں گی ورنہ لوٹ جانا وہاں! وہاں کیوں؟ وہ جنہوں نے رخصت کرتے وقت ہی کہہ دیا تھا، اپنا دل وہیں لگانا، پیچھے مڑ کر مت دیکھنا، ڈولی میں جارہی ہو، ڈولے سے نکلنا۔ وہ دل ہی دل میں سوچتی ہے، اور چپ چاپ اپنی دیشنگی پھونگی ہوئی سیکل تھوڑا کر لیتی ہے۔ دوسری کیل بھی نظر نہیں آتی مگر دماغ میں گلتی بہت زور کی ہے، وہ بھاری بھرکم الفاظ میں جو عورت کو اس کا مقام یاد دلانے کے لئے اکثر وبیشتر استعمال کیے جاتے ہیں۔ ضرورت ہو یا نہ ہو، جب جی چاہے عورت کے جسم کے نازک اعضا کو اپنے الفاظ میں گھسیٹ کر رگید ڈالے، بلکہ سامنے میں اس ماں باپ کو بھی شامل کر لیجیے۔ یقین جانیے ڈولا ہی ماں باپ کو بھی شامل کر لیجیے۔ یقین جانیے ڈولا ہی کیل ٹھونکنے جیسا ہی اثر ہوگا اور عورت کو سیدھا کرنے میں آپ کافی حد تک کامیاب ہیں گے۔

اگر آپ کی بدقسمتی سے عورت کچھ اڑیل ہے یا زبانی کلامی ان لکیروں کا اثر زیادہ دیر تک نہیں رہتا تو پھر آپ کو اگلے درجے تک جانے کی ضرورت ہے۔

جب منہ کھولے، منہ توڑ دیجیے (تھپڑ، گھونسا، لات، کچھ بھی چلے گا)، منہ بھی بند ہو جائے گا اور وہ عورت جس نے آپ کی زندگی کو جہنم بنانے کا منصوبہ بنا رکھا ہے، کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

